سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

والدین کے 3 حقوق

(قسط دوم)

26 جون 2025

سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعایاد کرنا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں والدین کے 3 حقوق قسط دوم سکھائے جائیں گے اور کسی قوم سے خطرے کے وقت کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اِجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر 1 بار دُرُودِ پاک پڑھا، اللہ پاک اُس پر 10 رَحمتیں بھیجتا ہے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

والدین کے 3 حقوق قسط دوم

آیتِ مبارکہ

اَنِ اشْكُرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیْكَ ؕ (پارہ:21، سورۂ لقمان:14)

تَرجَمۂ کنزُالعِرفان: کہ میرا اور اپنے والدین کا شکر ادا کرو۔

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: وقت پر نماز پڑھنے کے بعد افضل عمل والدین سے حُسنِ سُلوک کرنا ہے۔[2]

والدین کے 3 حقوق

پیارے اسلامی بھائیو! اللہ و رسول نے ہمیں والدین کے ساتھ نیکی اور بھلائی کا حکم دیا ہے۔ یہ جنّت

1 ... مسلم، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم بعد التشھد، صفحہ:159، حدیث:408۔
2 ... بخاری، کتاب الجہاد والسیر، باب فضل الجہاد والسیر، صفحہ:724، حدیث:2782، ملخصاً۔

میں لے جانے والا عمل ہے۔ والدین کے بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 3 ہم پہلے سیکھ چکے 3 آج سیکھیں گے۔ آیئے! پہلے سیکھے ہوئے حقوق دوہرا لیتے ہیں: (1): اطاعت و فرمانبرداری (2): والدین کو راضی رکھنا (3): والدین کی خدمت کرنا۔

مزید 3 حقوق جو آج سیکھنے ہیں:

پہلا حق: والدین کا ادب واحترام کرنا

وضاحت: دینِ اسلام نے والدین کے ادب واحترام کی بہت تاکید فرمائی ہے، والدین کے ادب واحترام کی بہت سی صورتیں ہیں۔ مثلاً: ❁ امّی جان یا ابّو جان کو تشریف لاتا دیکھیں تو تعظیماً کھڑے ہو جایئے ❁ ان سے آنکھیں ملا کر بات نہ کیجئے ❁ اگر وہ بُلائیں تو فوراً حاضر ہو جایئے ❁ تمیز کے ساتھ آپ، جناب سے بات کیجئے ❁ ان کی موجودگی میں ہرگز اپنی آواز بُلند نہ کیجئے وغیرہ وغیرہ۔ آج کل اس حق کی طرف توجہ بہت ہی کم ہے ❁ ماں باپ کے سامنے آواز اُونچی کرنا ❁ ان سے اُلجھنا، لڑنا ❁ **تم نے ہمارے لئے کیا ہی کیا ہے** وغیرہ بے ادبی اور دِل آزاری والے جملے کہنا ❁ ان کی غیبت کرنا ❁ دوست احباب کے سامنے ان کی بُرائیاں کرنا وغیرہ عام ہے، بلکہ ماں باپ کو مارنے اور مَعَاذَ اللہ! قتل تک کر ڈالنے کی خبریں بھی اَخباروں میں چھپتی رہتی ہیں۔ اللہ پاک ہمیں ماں باپ کی بے ادبیوں سے محفوظ فرمائے۔ پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ❁ اپنے والِد سے آگے نہ چلو ❁ انہیں گالی مت دو ❁ ان کے بیٹھنے سے پہلے نہ بیٹھو ❁ اور انہیں نام لے کر مت پکارو۔ (1)

دوسرا حق: والدین کے لیے دعا کرنا

وضاحت: جن کے ماں باپ زِندہ ہیں، وہ بھی ان کے لئے دُعا کریں اور جن کے ماں باپ وفات پا

---

1 ...الجامع فی الحدیث لابن وھب، صفحہ:212، حدیث:139۔

چکے ہیں، وہ تو لازمی دُعا کریں کہ اب انہیں دُعا ہی کی زیادہ حاجت ہے۔ نبی کریم، رؤوف الرحیم نے فرمایا: والِد کی وفات کے بعد ان کے لیے بخشش کی دُعا کرنا، نیکی ہے۔[(1)] مَنقُول ہے: والدین کے لیے دعا چھوڑنا (رزق میں) بے برکتی کا سبب ہے۔[(2)]

تیسرا حق: والدین کے مُتَعَلّقِین سے صلۂ رحمی کرنا

وضاحت: یعنی والدین کے رشتہ داروں اور دوستوں وغیرہ سے حُسْنِ سُلُوک کرنا۔ رسولِ ذِیشان، مکی مَدَنی سُلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں ایک شخص نے عرض کی: یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! کیا والدین کی وفات کے بعد ان کے ساتھ نیکی کی کوئی صورت ہے؟ فرمایا: ہاں ❁ ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا ❁ ان کے لیے بخشش کی دعا کرنا ❁ ان کی وصیت کو پورا کرنا ❁ **ان کے رشتہ داروں سے صلۂ رحمی کرنا ❁ اور ان کے دوستوں کا احترام کرنا۔**[(3)] ابنِ عمر رَضِیَ اللہُ عنہ ایک بار سواری پر سوار ہو کر کہیں جارہے تھے، راستے میں ایک شخص ملا، آپ رَضِیَ اللہُ عنہ نے اس کو سواری پر سوار کیا اور اپنا مبارک عمامہ بھی اسے عطا فرمایا، صحابۂ کرام نے کہا: اللہ پاک آپ کی مغفرت فرمائے، آپ نے اپنی سواری اور عمامہ اس کو کیوں عطا فرمایا؟ عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ عنہ نے فرمایا: اس شخص کے والِد میرے والِد عمر بن خطاب رَضِیَ اللہُ عنہ کے دوست تھے، دوجہاں کے تاجدار، مکی مَدَنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اپنے والِد کے دوستوں سے حُسْنِ سُلُوک کرنا سب سے بڑی نیکی ہے۔[(4)]

دوہرائی

آج ہم نے والدین کے 3 حقوق سیکھے ہیں، انہیں ذہن میں بِٹھا لیجئے! (1): والدین کا ادب واحترام کرنا

1... معجم الصحابہ لابن قانع، ابو اسید الساعدی، جلد: 3، صفحہ: 37۔
2... تنبیہ الغافلین، باب حق الوالدین، صفحہ: 69، مفہوماً۔
3... سنن ابو داود، کتاب الادب، باب فی بر الولدین، صفحہ: 802، حدیث: 5142۔
4... مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب فضل صلۃ اصدقاء الاب والام ونحوھا، صفحہ: 996، حدیث: 2552۔

(2):والدین کے لئے دُعا کرنا(3):والدین کے مُتَعَلّقین سے صلۂ رحمی کرنا۔

سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

کسی قوم سے خطرے کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِم

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھے دشمنوں کے مقابل کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔[1]

1...سنن ابوداود، کتاب الصلاۃ، باب مایقول الرجل اذاخاف قوما، صفحہ:250، حدیث:1537۔